# روزے میں ایر فریشنر کی خوشبو کا حکم

**الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ**

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ [1]: روزے کی حالت میں ایر فریشنر کی خوشبو سونگھنے کا وہی حکم ہے جو اگر بتی کے دھواں سونگھنے کے بارے میں ہے کہ اگر کوئی جان بوجھ کر دھواں سونگھے گا تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

[2]: فقہ کی کتابوں میں یہ قید موجود ہے کہ اگر کوئی یہ کام [دھواں اندر لے جانا] اپنے فعل سے خود کرے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر زید اگر بتی Sticks کو خود جلائے اور پھر بعد میں بلا قصد [Unintentionally] اس کا دھواں اس کے حلق میں چلا جائے تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا۔ کیونکہ اس نے خود اپنے فعل سے اگر بتیوں کو جلایا تھا۔

سائل: آدم فرام انگلینڈ

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایةَ الحَق والصواب**

آج کل جو انگلینڈ کی مساجد میں نماز سے پہلے ایر فریشنر کے ذریعے خوشبو کو چھڑک دیا جاتا ہے۔روزے کی حالت میں ایسی خوشبو سونگھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ یہ ریحِ معطر کی مثل ہے۔
اسی طرح اگر بتی [Incense stick] کی خوشبو ہوا میں شامل ہو کر آپ تک آرہی ہے تو قصداً [intentionally] یا بلا قصد [Unintentionally] اس کی خوشبو سونگھنے سے روزہ نہ جائے گا۔ لیکن روزا یاد ہوتے ہوئے اس کے دھویں کو قصداً اندر لے جانے سے روزہ ضرور ٹوٹ جائے گا۔
جیسا کہ بہار شریعت میں ہے کہ اگر کی بتی [Incense stick] وغیرہ خوشبو سُلگتی تھی، اُس نے منہ قریب کرکے دھوئیں کو ناک سے کھینچا روزہ جاتا رہا۔[بہار شریعت ج ۱ حصہ ۴ ص ۹۸۲]
ایر فریشنر کی خوشبو نکل کر ہوا میں شامل ہو جاتی ہے۔اس کی خوشبو سونگھنے سے روزہ نہ ٹوٹے گا کیونکہ یہ خوشبو معطر ہوا کی مثل ہے جبکہ اگر بتی [Incense stick] کا دھواں ایک مادے سے مرکب ہے جس کو قصداً کھینچنے سے روزہ ٹوٹتا ہے۔

علامہ شامی ردالمحتار میں فرماتے ہیں کہ **"وَلَا يُتَوَهَّمُ أَنَّهُ كَشَمِّ الْوَرْدِ وَمَائِهِ وَالْمِسْكِ لِوُضُوحِ الْفَرْقِ بَيْنَ هَوَاءٍ تَطَيَّبَ بِرِيحِ الْمِسْكِ وَشِبْهِهِ وَبَيْنَ جَوْهَرِ دُخَانٍ وَصَلَ إلَى جَوْفِهِ بِفِعْلِهِ"**
یہ وہم نہیں ہونا چاہیے کہ گلاب یا اس کے پانی یا مشک کی خوشبو قصداسونگھنے سے روزہ ٹوٹتا ہے کیونکہ مشک یا اس سے مشابہہ کسی چیز کی خوشبو سے معطر ہوا اور دھویں کے مادے میں فرق ہے۔ دھواں کھینچنے سے وہ مادہ اس کے اپنے فعل سے پیٹ میں گیا ہے[جس سے روزہ ٹوٹا ہے]

[ "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۲۰]

پتا چلا کہ خوشبو سے معطر ہوا کو جان بوجھ کر سونگھنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ یہ مثلِ ہوا ہے اسی طرح ہی ایرفریشنر کی خوشبو ہوا میں مل کر ناک تک آئے یا یا جان بوجھ کر اندر کھینچی جائے دونوں صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹے گا بلکہ ایسا کرنا مکروہ بھی نہیں۔ جیسا کہ بہار شریعت میں ہے کہ

گلاب یا مشک وغیرہ سونگھنا داڑھی مونچھ میں تیل لگانا اور سُرمہ لگانا مکروہ نہیں۔[ بہار شریعت ج ا حصہ ۴ ص ۹۹۷]

ہاں اگر کوئی ایرفریشنر کی بوتل کو اپنے ناک کے پاس کرکے اس سے نکلنے والے سفید سے دھویں کو سونگھتا ہے تو ضرور اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ یہ دھواں مادے سے مرکب ہے ایسی صورت میں وہ مادہ اس کے اپنے فعل سے اندر میں جائے گا۔

در مختار مع ردالمحتار میں ہے کہ " لَوْ أَدْخَلَ حَلْقَهُ الدُّخَانَ أَفْطَرَ أَيَّ دُخَانٍ كَانَ بِأَيِّ صُورَةٍ كَانَ الْإِدْخَالُ ، حَتَّى لَوْ تَبَخَّرَ بِبَخُورٍ وَآوَاهُ إلَى نَفَسِهِ وَاشْتَمَّهُ ذَاكِرًا لِصَوْمِهِ أَفْطَرَ" اگر خود قصداً دھواں حلق میں پہنچایا تو روزہ فاسد ہو گیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد تھا خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی بھی طرح پہنچایا ہو مثلا وہ بخور کی طرح اڑ رہا تھا اور اس نے اسے اپنے پاس کرکے اس دھواں کو سونگھا تو روزہ ٹوٹ گیا۔

[ "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۲۰]

[ 2 ]:آپ نے فقہ کی کتب میں موجود اس " بِفِعْلِهِ " کی قید سے غلط سمجھا جبکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص خود اپنے فعل سے اگر بتی اپنے ناک کے پاس لا کر قصداً [ intentionally] خوشبو سونگھے گا تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا۔

اسی لیے علامہ شامی علیہ الرحمۃ نے وَاشْتَمَهُ کی قید لگائی جس کا معنی قصداً سونگھنا ہے۔فرماتے ہیں کہ " لَوْ تَبَخَّرَ بِبَخُورٍ وَآوَاهُ إلَى نَفَسِهِ وَاشْتَمَّهُ ذَاكِرًا لِصَوْمِهِ أَفْطَرَ" اس نے بخور کو جلایا پھر اس نے اسے اپنے پاس کرکے اس کے دھویں کو قصدا سونگھا تو روزہ ٹوٹ گیا۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

QUESTION: What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matters:

[1]:Whilst in the state of fasting, is inhaling the fragrance of air freshener in the same ruling as inhaling the smoke of incense sticks i.e. if one intentionally inhales the smoke, his fast will be void?

[2]:In the books of Fiqh this condition is mentioned that if somebody was to do this [inhaling smoke] through his own action, then the fast will break. Does this mean that if Zaid was to light an incense stick himself and later on, the smoke was to enter his throat unintentionally, that his fast would break because he intentionally lit the incense stick?

Questioner: Ādam, England

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

The fragrance which is spread prior to the prayer in the Masājid of England nowadays, via air freshener, inhaling such a fragrance will not break the fast because it is similar to perfumed air.

Likewise, when the fragrance of incense sticks mixes with the air and is reaching you, inhaling it's fragrance whether intentionally or unintentionally will not break the fast. However, if one remembers that he is in a state of fasting and intentionally inhales it's smoke, then the fast will definitely break.

Just as it is mentioned in Bahār-e-Sharī'at, an incense stick etc. was burning, he brought his mouth close and intentionally inhaled it's smoke into his nose, the fast will break.

[Bahār-e-Sharī'at, volume 1, part 4, pg982]

Upon release, the fragrance of the air freshener mixes with the air, thus inhaling it's fragrance will not break the fast, because this fragrance is

similar to perfumed air, whereas, the smoke of an incense stick is composed of perceptible bodies, and inhaling it intentionally causes the fast to break.

‘Allāmah Shāmī (may Allāh cover him in His mercy) mentions in Radd al-Muhtār,

“It should not be conjectured that it [smoke] is like inhaling the fragrance of rose or rose-water water due to the clear difference between air which is perfumed by musk or it's like, and the perceptible body [of smoke] that reaches his stomach due to his own action”

[al-Durr al-Mukhtār wa Radd al-Muhtār, Kitāb al-Sawm, Bāb mā yufsidal-sawm wa mā lā yufsiduh, volume 3, pg 420]

Thus, it is understood that even intentionally inhaling perfumed air will not break the fast, due to its resembling air, and like this, if the fragrance of an air freshener mixed with the air and reached the nose or was intentionally inhaled, in both cases, the fast will not break, in fact, doing such is not even disliked (makrūh), just as it is mentioned in Bahār-e-Sharī’at,

Smelling a rose or musk etc., applying oil to the beard or moustache, or applying kuhl (antimony) is not makrūh.

[Bahār-e-Sharī’at, volume 1, part 4, pg 997]

Yes, if someone places the air freshener can close to his nose and inhales the white vapour that it releases, then his fast will definitely become void, because this vapour is composed of perceptible bodies, and in this situation the vapour will enter due to his own action.

It is stated in al-Durr al-Mukhtār with Radd al-Muhtār,

“If smoke was entered into the throat intentionally, the fast will become void if he remembered he was fasting, regardless of the source of the smoke and the method of it being entered, for example, if it was coming from bakhūr (a type of incense) and he bought it close to himself and sniffed it's smoke, then the fast will break”.

[al-Durr al-Mukhtār wa Raddal-Muhtār, Kitāb al-Sawm, Bāb mā yufsidal-Sawm wa mā lā yufsiduh, volume 3, pg 420]

[2]: You have misunderstood the condition “بِفِعْلِهِ” [by his own action] which is present in the books of fiqh (jurisprudence) whereas, its meaning is that if one places an incense stick close to his nose and intentionally inhales it's fragrance then the fast will be void.

It is for this reason that ‘Allāmah Shāmī (May Allāh envelope him in mercy) has stipulated the condition of “وَاشْتَمَّهُ” [and he smelt it] which means ‘to inhale intentionally’. He states, “If he burnt some bakhūr, then bought it close to himself and intentionally inhaled it's smoke, whilst remembering his fast then he has broken his fast”.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī